**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Ethics Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**ہدایات**


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ علمِ اخلاقیات (ethics) سے کیا مراد ہے؟

A۔ ایک ملک کی سیاسی سرگرمیوں کا مطالعہ کرنا
B۔ ایک شہری کے حقوق اور فرائض کا مطالعہ کرنا
C۔ کسی ایک شخص کا اخلاقی فلسفے پر عمل کرنے کا مطالعہ کرنا
D۔ انسان کے سماجی اور ادارہ جاتی تعلقات کا مطالعہ کرنا

2۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان میٹا ایتھکس (meta ethics) کی اصطلاح کو صحیح طور پر بیان کرتا ہے؟

A۔ یہ بائیو ایتھکس (bio-ethics) کے بارے میں مختلف خدشات کو جنم دیتا ہے
B۔ یہ اُن اخلاقی اصولوں کو وضع کرتا ہے جو انسانی اعمال کو متأثر کرتے ہیں
C۔ یہ اخلاقی اقدار کی حیثیت اور بنیادوں کو تلاش کرتا ہے
D۔ یہ اخلاقیات کے بارے میں فلسفیانہ سوچ کا ایک ٹھوس طریقہ ہے

3۔ آہل کمیونٹی منصوبوں (community projects) میں شرکت کرتا ہے جو ضرورت مند لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرتی ہے۔

یہ منصوبے آہل کو کیا بننے میں مددگار ثابت ہوں گی؟

A۔ ایمان دار
B۔ مخلص
C۔ پُرجوش
D۔ ہم درد

4۔ تیمور نے مشاہدہ کیا کہ اس کے والد ٹیکس ادا کرتے وقت اپنے اثاثے چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اپنے والد کے اس عمل کی وجہ سے تیمور کو درج ذیل میں کون سی خصوصیت کو اپنی شخصیت کا حصہ بنانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟

A۔ ایمان داری
B۔ حوصلہ افزائی
C۔ قوتِ ارادی
D۔ عزتِ نفس

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

5۔ ارفعہ ایک کمپنی میں مینیجر ہے۔ وہ صرف ان ملازمین کی حمایت کرتی ہے جو عام طور پر اس کے خیالات اور آرا سے اتفاق کرتے ہیں۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر، ارفعہ کس قسم کی شخصیت کی مالک ہے؟

A۔ چالاک
B۔ قابض
C۔ موقع شناس
D۔ خود غرض

6۔ علمِ اخلاقیات، سماجی تعلقات کو فروغ دینے میں کس لحاظ سے اہم کردار ادا کرتا ہے؟

A۔ حقوق اور ذمہ داریوں کے درمیان توازن پیدا کرنے میں مدد ملنا
B۔ معاشرے میں ایک خاص اکائی کے اصولوں پر عمل کرنے میں مدد ملنا
C۔ معاشرے میں اقدار کو نافذ کرنے میں مدد ملنا
D۔ معاشرے میں قوانین بنانے میں مدد ملنا

7۔ خُرم نے ایک نئی کمپنی میں بہ طورِ مینیجر شمولیت اختیار کی ہے۔ وہ اپنے عملے کے سوالات سنتا ہے اور اُنھیں حل کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے۔

دیے گئے بیان میں، خُرم کی طرف سے ظاہر ہونے والا اخلاقی رویہ اُسے درج ذیل تمام کام کرنے میں مدد کرے گا، **ماسوائے**

A۔ اپنے دفتری ماحول میں اثر و رسوخ رکھنا۔
B۔ اپنے عملے کو اپنے نقشِ قدم پر چلنے کی ترغیب دینا۔
C۔ عملے کے ارکان کے ساتھ ہم دردی کا اظہار کرنا۔
D۔ عملے کے اراکین کے ساتھ قابلِ اعتماد تعلقات اُستوار کرنا۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

8۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان کائناتی دلیل (cosmological argument) کو بہترین انداز میں ظاہر کرتا ہے؟

A۔ خدا کے وجود کو ثابت کرنے کے کوئی طریقے نہیں ہیں۔

B۔ ایک دعویٰ ہے کہ خدا نے معاملات کو ظاہر کرنے کے لیے رسول مقرر کیے ہیں۔

C۔ کسی بھی مذہبی روایت کے ذریعے خدا سے براہِ راست واقفیت ہوتی ہے۔

D۔ خدا ایک ایسا لازمی وجود ہے جس سے منحصر تمام مخلوقات اپنا وجود اخذ کرتی ہیں۔

9۔ انعم ساتویں جماعت میں پڑھ رہی ہے۔ چوں کہ وہ اور اُس کے بہن بھائی اپنے والد کے ساتھ رہ رہے ہیں اسی لیے اُسے گھر کے کئی کام کرنے ہوتے ہیں۔ اِس مصروف معمول کی وجہ سے اُس کی تعلیم پر منفی اثر پڑ رہا ہے جو اُسے امتحانات میں ناکامی کی طرف لے کر جارہا ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں، انعم کے اساتذہ، اس کے لیے کون سا **بہترین** قدم اُٹھا سکتے ہیں؟

A۔ انعم کو اپنا اسکول تبدیل کرنے کو کہیں

B۔ انعم کو اگلی کلاس میں ترقی دیں

C۔ جب اور جہاں ضرورت ہو انعم کو مشورہ دیں

D۔ امتحانی ہال میں انعم کو مدد فراہم کریں

10۔ انسانی تاریخ کے بیش تر حصے میں اُلوہیت (divinity) کا کون سا تصور غالب رہا ہے؟

A۔ ثنویت (dualism)

B۔ الحاد (atheism)

C۔ کثرت پرستی (polytheism)

D۔ وحدانیت (monotheism)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11۔ سلمان ایک مذہبی گھرانے سے تعلق رکھتا ہے، اس کے باوجود اُسے اس بات کا یقین نہیں کہ اس کے ارد گرد ہونے والی چیزوں کی کوئی منطقی وضاحت (logical explanation) ہے یا کوئی مافوق الفطرت قوتیں (super natural forces) ہیں جو رونما ہوتی رہتی ہیں۔

دی گئی صورتِ حال کی روشنی میں، سلمان بہ لحاظِ مذہب کیا ہے؟

A۔ توحید پرست (monotheist)

B۔ کثرت پرست (polytheist)

C۔ لاادری (agnostic)

D۔ ملحد (atheist)

12۔ درج ذیل مذاہب پر غور کیجیے۔

- یہودیت
- عیسائیت
- بدھ مت

دیے گئے تمام مذاہب میں کون سی ایک چیز مشترک ہے؟

A۔ توحید پرستی

B۔ نروان پر یقین

C۔ دن میں دو وقت کی نماز

D۔ سب کی ابتدا بنی اسرائیل سے ہے

13۔ خدا ماضی، حال اور مستقبل سے باخبر ہے۔

دیے گیے بیان میں خُدا کی کون سی صفت کو نمایاں کیا گیا ہے؟

A۔ خیر خواہی (benevolence)

B۔ عالمگیریت (omniscience)

C۔ قادرِ مطلق (omnipotence)

D۔ ہمہ گیریت (omnipresence)



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

14۔ راشدہ ایک جنگل کے قریب رہتی ہے جہاں جانوروں کا شکار کرنا منع ہے۔ تاہم جنگل میں آنے والے سیاح اب بھی جانوروں کا شکار کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ علاقے میں معدوم ہوتے جا رہے ہیں۔

درج ذیل میں کون سا **بہترین** طریقہ ہو گا جس کے ذریعے راشدہ علاقے میں جنگلی حیات کے تحفظ میں مدد کر سکتی ہے؟

A۔ پورے علاقے میں پُر تشدد مظاہرے کرے
B۔ حکومتی اہلکاروں سے علاقے میں سیاحت پر پابندی لگانے کی اپیل کرے
C۔ متعلقہ حکام سے جنگلی حیات کا شکار کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کرے
D۔ جنگلی حیات کی اہمیت کے بارے میں آگاہی مہم کا اہتمام کرے

15۔ زرتشت مذہب میں حتمی نجات کیسے حاصل کی جاسکتی ہے؟

A۔ مراقبہ (meditation) کے ذریعے سے
B۔ اچھے اعمال کے ذریعے سے
C۔ اپنے مذہب کا پرچار کرنے سے
D۔ مذہبی رسومات کو ادا کرنے سے

16۔ اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک 'قیامت کے دن' پر ایمان لانا ہے۔

دیے گئے عقیدے کا تعلق کس تصور سے ہے؟

A۔ نجات
B۔ آزادی
C۔ شفافیت
D۔ احتساب

17۔ درج ذیل میں سے کون سی مخلوق اگر انسانوں کے ہاتھوں تباہ ہو جائے تو سورج کی شعاعیں، 'زمین' پر براہِ راست اثر انداز ہوں گی؟

A۔ مچھلی
B۔ پرندے
C۔ پودے
D۔ کیڑے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

18۔ معاشرے میں طرزِ عمل کے معیارات، صحیح اور غلط کے اصولوں کو بہ طورِ اصطلاح کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ ضوابط
B۔ اخلاقیات
C۔ شائستگی
D۔ آداب

19۔ اقدار اور اخلاق میں صرف یہ فرق ہے کہ اقدار

A۔ مکمل طور پر کسی فرد کے عقیدے پر منحصر ہوتی ہیں۔
B۔ صحیح اور غلط اعمال کا جائزہ لینے میں فرد کی مدد کرتی ہیں۔
C۔ عام طور پر مذہب، معاشرے اور ثقافت سے متاثر ہوتی ہیں۔
D۔ اصولوں اور بیانات کا مجموعہ ہیں جن پر فرد کو عمل کرنا چاہیے۔

20۔ معاشرے میں منفی اقدار کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے **ابتدائی** قدم کیا ہو سکتا ہے؟

A۔ سزا
B۔ خود احتسابی
C۔ بار بار یاددہانی (reinforcement)
D۔ انفرادی توجہ

21۔ حنین ایک اسکول میں انتظامی امور سنبھالتا ہے۔ وہ عام طور پر اسکول کی جانب سے فراہم کردہ اسٹیشنری کو اسکول کی سرگرمیوں میں استعمال کرنے کی بہ جائے اپنے ذاتی استعمال کے لیے گھر لے جاتا ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں، درج ذیل کس منفی قدر کی مثال دی گئی ہے؟

A۔ رشوت
B۔ تعصب
C۔ غیبت
D۔ مادہ پرستی



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

22۔ اکرم نے اپنے مینیجر کو رشوت دی تاکہ وہ ناحق ترقی حاصل کر سکے۔

دیے گئے بیان میں، کام کی جگہ پر رشوت خوری کے درج ذیل تمام اثرات مرتب ہوں گے، **ماسوائے**

A۔ عملہ میرٹ پر یقین نہیں کرے گا۔

B۔ لوگ اپنا کام زیادہ لگن کے ساتھ کریں گے۔

C۔ تمام ملازمین اسی طرزِ عمل کو اپنائیں گے۔

D۔ مستحق ملازمین نئی ذمہ داریاں لینے سے گریز کریں گے۔

23۔ درج ذیل میں سے کون سا سوال عزتِ نفس کے تصور کو **بہترین** طریقے سے بیان کرتا ہے؟

A۔ لوگوں نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

B۔ آپ نے لوگوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

C۔ آپ لوگوں کو اپنے ساتھ کیسا سلوک کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟

D۔ لوگ آپ کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیں گے؟

24۔ خالد اپنے دوست کے کمرے (bed room) میں بیٹھا ہوا تھا اور دھاتی اسکیل کے پیمانے (metal ruler) کے ساتھ کھیلتے ہوئے یہ تأثر دے رہا تھا کہ یہ کاغذ کا ہوائی جہاز ہے۔ اس دوران جب اس نے دھاتی اسکیل پھینکا تو غلطی سے اس کے دوست کا کمپیوٹر مانیٹر ٹوٹ گیا۔

دیے گئے منظر نامے کی روشنی میں خالد کی طرف سے اخلاقی طور پر مثالی عمل کیا ہونا چاہیے تھا؟

A۔ وہ واقعہ کو بھول جائے

B۔ وہ ایسا تأثر دے جیسے اس کی غلطی نہیں تھی

C۔ وہ اپنے دوست کے لیے کمپیوٹر مانیٹر کو تبدیل کرے

D۔ وہ پھر کبھی اپنے دوست کے ساتھ کھیلنے نہ آئے

25۔ فریحہ ایک نوعمر لڑکی ہے۔ وہ جب بھی اپنے دوست، رشتہ دار اور پڑوسی کو مصیبت میں دیکھتی ہے تو پریشان ہو جاتی ہے۔ وہ نتائج سے قطع نظر اُن کی مدد کرتی ہے۔

فریحہ کا یہ مددگار رویہ درج ذیل کس بات کی عکاسی کرتا ہے؟

A۔ مقبولیت حاصل کرنا

B۔ اندرونی سکون حاصل کرنا

C۔ مالی روابط استوار کرنا

D۔ اپنے اظہارِ خیال (communication skills) کو بہتر بنانا

Annual Examination 2023 for AKU-EB Teaching and Learning only

26۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان اسکول کے کام کے حوالے سے ایمان داری کی ایک **بہترین** مثال ہے؟

A۔ ثنا صرف ہم نصابی سرگرمیوں میں جوش و خروش دکھاتی ہے۔

B۔ روحیل اپنے آن لائن اسسمنٹ پیپرز (online assessment papers) خود حل کرتا ہے۔

C۔ فاطمہ اپنا عملی کام (practical work) وقت پر مکمل کرتی ہے۔

D۔ اسلم کام میں نقل کرنے میں اپنے دوستوں کی مدد کرتا ہے۔

27۔ ایک مکالمہ جو محنت کے وقار (dignity of labour) کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے، وہ ہے: 'میں اپنی ملازمت سے محبت کرتا/کرتی ہوں کیوں کہ

A۔ میں اپنے خاندان میں سب سے زیادہ کماتا/کماتی ہوں۔'

B۔ یہ مجھے اپنے اخراجات پورے کرنے کے قابل بناتا ہے۔'

C۔ میں مختلف لوگوں سے فوائد حاصل کرتا/کرتی ہوں۔'

D۔ میرا عملہ ہمیشہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مجھے اُن کے خیالات پسند آئیں۔'

28۔ حریزہ عام طور پر چہرے پر مسکراہٹ لیے لوگوں سے ملتی ہے اور اگر کوئی کسی کام میں اس کی مدد کرتا ہے تو وہ اُن کا 'شکریہ' ادا کرتی ہے۔

حریزہ کے آداب درج ذیل میں سے کیا بتاتے ہیں؟

A۔ وفاداری

B۔ دیانت داری

C۔ تابعداری

D۔ شائستگی

29۔ ہمنا اپنی ٹیم کے ساتھ پروجیکٹ پر کام کر رہی تھی جس کی منظوری مل گئی۔

درج ذیل تمام بیانات اُس کی اپنی ٹیم کے ساتھ شائستہ رویے کو ظاہر کرتے ہیں، **ماسوائے**

A۔ وہ ٹیم کا سب سے لازمی حصہ ہے۔

B۔ وہ اُن کی محنت کی شکر گزار ہیں۔

C۔ وہ اُن کے کام کی تعریف کرتی ہے۔

D۔ وہ اُن کے تعاون کی قدر کرتی ہے۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

30۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان حلال کمائی کے **بہترین** ذریعے کو بیان کرتا ہے؟

A۔ کام کی جگہ پر تفریحی سائٹس کی سرفنگ (surfing entertainment sites) کرنے میں کافی وقت گزارنا

B۔ مزید کام حاصل کرنے کے لیے مینیجرز کے ساتھ تعلقات اُستوار کرنا

C۔ ترقی حاصل کرنے کے لیے کسی کے کام کا سہرا خود لینا

D۔ اپنی روزی روٹی کمانے کے لیے لگن سے کام کرنا

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only